کرپٹو ڈائری

عبید الرحمن



		Page
1	امکانات اور تعارف	2
2	بنیادی ٹپس۔ اہم معلومات اور کچھ سوالوں کے جواب	
3	کرپٹو میں استعمال ہونے والی اصلاحات اور اہم الفاظ	
4	Day Trading	8
4	Technical Analysis + Fundamental Analysis	
5	Indicators	15
	Charts	
	Tools	

کرپٹو انڈسٹری پیسے کمانے کا سمندر ہے جہاں سے آپ کم وقت میں اتنا اچھا کما سکتے ہیں جتنا دیگر کسی بھی مارکیٹ سے نہیں کما سکتے لیکن اس سے پیسے وہی کما سکتا ہے جو یا تو پہلے سے اچھا بینک بیلنس رکھتا ہو اور موٹی رقم کسی اچھے پراجیکٹ میں انوسٹ کر کے کچھ سالوں میں اسے 2 گنا سے یا 10 گنا یا 100 گنا کر لے۔

یا وہ کما سکتا ہے جو روزانہ کی بنیاد پر کرپٹو میں Trading کرے اسے باقاعدہ سیکھے۔

یا پھر کامل مرشد یعنی Trading Expert تلاش کرے جس کو باقاعدہ فیس دے کر اس کے تجربات کی روشنی میں Trading / investment کرے،

اب Trading میں سیکھنا کیا ہے؟ تو جناب ہم نے FA اور TA سیکھنا ہے۔ یعنی

FA	Fundamental Analysis
TA	Technical Analysis

بغیر FA + TA سیکھے مارکیٹ میں جانا ایسا ہے جیسے بغیر ہتھیار کے جنگ پر جانا۔ یا جیسے جوا کھیلنا۔ بغیر سیکھے کبھی مارکیٹ میں نہ آئیں۔ تکے سے آپ نے کچھ پیسے بنا بھی لئے لیکن بحیثیت مجموعی آپ بہت جلدی پیسہ کھو دیں گے۔ مارکیٹ کی اصطلاحات کو سمجھیں۔ Tools اور Indicators کو سمجھیں۔

یہ FA اور TA کیا ہوتا ہے؟

FA (Fundamental Analysis)	TA (Technical analysis)
اس عمل میں ہم کوائن کو دیکھیں گے کہ وہ قابل خرید ہے بھی یا نہیں۔ اس کا والیوم، اس کا ماضی، اور سب سے بڑھ کر اس کا Use case اور یہ کہ کس ٹیکنالوجی پر بنا ہوا ہے۔	ہمیں FA سے یہ تو کنفرم ہو گیا کہ یہ کوائن / پراجیکٹ اچھا ہے، معتبر ہے Stable ہے، بھاگے گا نہیں، کریش نہیں ہو گا، اب ہم اس میں Indicators، Tools اور Charts کو دیکھتے ہیں اور اس کے حساب سے

مثلاہم نے موبائل لینا ہو تو پہلے کمپنی دیکھتے ہیں۔ موبائل کے فنکشن اور خصوصیات دیکھتے ہیں۔ اگر آپ نے Long term investment کرنی ہے تو FA کرنا ہی کافی ہے آپ کسی اچھے پراجیکٹ میں انویسٹ کریں اور 2، 3 سال کے لئے بھول جائیں۔ البتہ اگر Daily / weekly trading کرنی ہے تو FA کے ساتھ TA بھی لازمی ہے۔	Trade لیتے ہیں۔ کہ کتنے پیسوں کی لینی، Long لینی یا Short لینی؟ مثلاموبائل تو ہم نے لے لیا اچھی کمپنی کا، اب اس کو استعمال کیسے کرنا ہے اس سے فائدہ کیسے اٹھانا ہے اس کی سیٹنگز کیسے کرنی ہیں ۔ تو TA میں ہم Tools , Charts , indicators کو سمجھتے ہیں۔

ہر زاویے سے ٹولز + چارٹ کو دیکھنا پڑتا ہے ایسا نہیں کہ بس ایک Tool / indicator کو ہر جگہ اپلائی کر دیا، بلکہ ہر پراجیکٹ / کوائن کو الگ Tools اور الگ Combinations سے دیکھنا پڑتا ہے۔

Market Cycle کو سمجھنا ہوتا ہے۔

بعض اوقات ہفتے اور مہینے بھی لگ جاتے اور بعض اوقات سیکنڈوں میں اچھا پرافٹ ہو جاتا ہے لہذا صبر بہت ضروری ہے، اس فیلڈ میں پیسہ کمانے سے زیادہ ضروری اپنے پیسے کو محفوظ رکھنا ہے۔

سپلائی کو ضرور دیکھیں اگر سپلائی Limited ہو تو اس پراجیکٹ کو ضرور دیکھیں۔

اور چونکہ یہ مارکیٹ Decentralized ہے جس کے اپنے فائدے ہیں لیکن کچھ بڑے مگرمچھ (اس کے لئے Whales کی اصطلاح بولی جاتی ہے) بشمول Exchanges اس کو manipulate بھی کرتے ہیں اور کوئی ان کو کچھ کہہ بھی نہیں سکتا کیونکہ کوئی ریاست یا ادارہ تو ہے نہیں جو اس کو Own کرتی ہو۔ اب وہ Manipulate کرتے کیسے ہیں؟ مختصر یہ کہ یا تو یہ عارضی طور پر کسی کوائن میں پیسہ ڈال کر اسے اٹھا دیتے ہیں جس سے پبلک کو لگتا ہے کہ مارکیٹ اوپر جا رہی ہے یا یہ کوائن معتبر ہو گیا ہے اور وہ بھی اپنی انویسٹمنٹس اس میں ڈالنے لگتے ہیں۔ اور جب پبلک کا پیسہ اس کوائن میں آجاتا ہے تو یہ اپنا پیسہ نکال لیتے ہیں۔ اور پبلک کے پیسے سے کھیلتے ہیں۔۔۔ مزید وضاحت کیلئے یہ لنک دیکھیں یا یوٹیوب پر اس حوالے سے کوئی ویڈیو دیکھ لیں۔۔

https://www.jumpstartmag.com/what-are-whales-and-how-do-they-manipulate-/cryptocurrency

لیکن کچھ وقت اور تجربے کے بعد آپ اس کے Pattern کو سمجھ جاتے ہیں، آپ کو معلوم ہونا شروع ہو جاتا ہے کہ Dump یا pump اصل ہے یا مصنوعی۔ کم از کم پہلے پتہ نہ بھی چلے تو فورا بعد تو آپ کو

احساس ہو ہی جاتا ہے کہ آپ کے ساتھ ہاتھ ہوا ہے جبکہ ایک اناڑی اور تکے باز کو یہ احساس بھی نہیں ہوتا ۔لیکن یہ Manipulation عارضی ہوتا ہے Long run میں کوائن کا مالک خود بھی نہیں بتا سکتا کہ یہ کب اوپر جائیگا، اور کب نیچے لہذا **آپ نے گھبرانا نہیں ہے۔**

Fa+TA کے علاوہ جو آپ کو سیکھنا ہے وہ ہے MM+RM یعنی

MM	Money Management
RM	Risk Management

https://www.youtube.com/watch?v=gb5-fAFvqZw&list=PLKdalCLu0PXZhZucMCk1W8_XiyL9eVfpN&index=2

اگرچہ بہت سے سوالات کا مختصر جواب یہاں بھی مل جائے گا۔ لیکن کرپٹو کے میدان میں آنے سے پہلے ان بنیادی سوالات کے جواب گوگل کر لیں یا یوٹیوب سے سن لیں، ابتدا میں بہت زیادہ تفصیل میں نہ جائیں،،۔ یہاں اکٹھے کر کے بطور Checklist اور Homework کے دے رہا ہوں۔ ہر ہر سوال کے بارے میں 3 ویڈیوز دیکھ لیں تا کہ زیادہ بہتر آئیڈیا ہو سکے۔ میں تو ایسا کرتا ہوں کہ ایک پاکستانی، ایک انگلش اور ایک انڈین چینل سے معلومات لے لیتا ہوں۔

1. What is Crypto Currency & How it works?
2. Why we should Adopt Crypto.
3. What is Bitcoin, Ethereum and Block chain finally how we can mine BTC?
4. What is the future of Crypto?
5. What is Crypto mining? How it works?
6. Which Crypto projects are beneficial for us that give us good profit?
7. How Many Crypto Currencies are working.

8. What is centralized and decentralized Exchanges?

9. How we can use Paincakeswap Sites and more like it.

10. 'What is Trading View Platform?

11. What is the difference between Spot & Future Trading? 12.What Trading is More Beneficial for us?

13. Which exchange is good for Trading?

14. How Much Amount required for starting?

15. How Much u can earn from Crypto trading on daily Basis?

16. How to control your mind in Trading?

17. Which strategies are best for trading in dip and high market? (crash market)

18. How u can earn maximum Amount to low investments.


19. What is NFT Market Place?

20. What is TA & FA Analysis?

کچھ بنیادی معلومات
کرپٹو کرنسی ایسے ہے جیسے آپ جاز کیش یا ایزی پیسہ یا کسی بینک کی ایپلیکیشن کے ذریعے پیسوں کی ٹرانزیکشن کرتے ہیں، یہ بنک کا متبادل ہے۔،، اس کی ٹرانزیکشن کا مکمل حساب Blockchain ٹیکنالوجی کے ذریعے

محفوظ رکھا جاتا ہے۔ اس میں چوری، نقصان، Scam کے امکانات 0.000001٪ ہوتے ہیں۔ اور اس کی ٹرانسفر فیس بھی بنک کی نسبت بہت کم ہوتی ہے۔ یہ Decentralized ہے۔ یعنی کوئی ادارہ اس کو کنٹرول نہیں کر رہا، بلکہ عوامی رجحان پر ہی عموماً چلتی ہے۔

آج مؤرخہ 5 مئی 2022 تک 19 ہزار کرپٹو کرنسیز مارکیٹ میں آچکی ہیں۔ روزانہ کی بنیاد پر ہی نئی کرنسی لانچ ہوتی ہیں۔ لیکن * سوسنار کی ایک لوہار کی * کے مصداق 40 فیصد مارکیٹ شئیر تن تنہا BitCoin المعروف BTC کے پاس ہے۔ مزید وضاحت اس سکرین شاٹ میں دیکھیں۔




سب سے پہلی کرپٹو کرنسی BitCoin ہے جو 2009 میں Satoshi Nakamoto نامی غیر معروف بندے کی طرف سے لانچ کی گئی، اس وقت Bitcoin کی قیمت **0.1 ڈالر** تھی جو آج 5 مئی 2022 کو **38 ہزار ڈالر** ہے یعنی پاکستانی 70 لاکھ روپے کا ایک۔ دنیا میں ٹوٹل 21 ملین بٹکوائن ہی ہو سکتے ہیں۔ ہر ایک کوائن کو بہت سے کمپیوٹرز کے ذریعے بنایا جاتا ہے، اس کوائن بنانے کے عمل کو Mine کرنا کہا جاتا ہے جو کہ کدال اور بھالوں سے نہیں بلکہ کمپیوٹرز سے کی جاتی ہے۔ اب تک تقریباً 90 فیصد بٹ کوائن Mine ہو چکے ہیں اور باقی ماندہ 2140 تک Mine ہوں گے۔ یہ Limitation اس کی افادیت کو مزید بڑھاتی ہے۔ Mining کے لئے بہت پاور فل اور Super Computer درکار ہوتے ہیں جو کہ اچھی خاصی بجلی لیتے ہیں اور heat بھی پیدا کرتے ہیں۔ لہذا یہ کام عموماً ٹھنڈے علاقوں میں کیا جاتا ہے اور ایسے خطوں میں کیا جاتا ہے جہاں بجلی سستی ہو۔ Mining کر کے بھی آپ پیسہ کما سکتے ہیں،

اس کے علاوہ مزید ٹاپ کے 10 یا 50 کوائن دیکھنے کے لئے اس ویب سائٹ کا وزٹ کریں جو مستقبل میں آپ کے لئے بے حد اہم ہو گی۔ https://coinmarketcap.com/

اس ویبسائٹ پر آپ ہر کوائن کی Market Capitalization ,History , Ranking , Volume، current price اور اس کا Use case دیکھ سکتے ہیں۔ اسی طرح مارکیٹ کا کل حجم، Dominant Coins، نئے لانچ ہونے والے Coins، زیادہ منافع کمانے والے یا ٹرینڈ میں رہنے والے کوائن وغیرہ کے بارے جان سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مارکیٹ میں ہونے والی ہر طرح کی معلومات اور خبریں بھی دیکھ سکتے ہیں۔ نیچے

والا سکرین شاٹ دیکھیں جو 6 مئی 2022 کو لیا گیا اور اب کی Fresh update دیکھ کر فرق معلوم کریں کہ مزید کتنی Cryptos ایڈ ہو چکیں۔



coinmarketcap.com

ہر کرنسی / کوائن کا اپنا کوئی نا کوئی نام اور لوگو ہوتا ہے اور ان کو Alt Coins بھی کہا جاتا ہے یعنی BTC کہ Alternative کوائنز۔ اور یہ مادی وجود نہیں رکھتے۔ مشہور Alt Coins یہ ہیں۔ XRP ،SOL،ETH ، Tether , BNB , Luna , ADA , Doge , POLKA ,

ان Coins کو ایک پراڈکٹ سمجھیں، اب ہر پراڈکٹ کی کوئی نا کوئی مارکیٹ ہوتی ہے جہاں اس کی خرید و فروخت ہوتی ہے ایسے ہی ان کوائنز کی خرید و فروخت Exchange پر ہوتی ہے۔ پاکستان میں زیادہ تر Binance Exchange استعمال ہوتی ہے، اگرچہ اس کے علاوہ 522 دیگر exchanges بھی ہیں جن کے بارے میں بہت زیادہ جاننے کی زیادہ ضرورت فی الحال نہیں ہے۔ بس اتنا جاننا کافی ہے کہ ان Exchanges کی Apps موجود ہیں، جن کو موبائل میں بآسانی انسٹال کیا جا سکتا ہے، لیکن پاکستان میں عموما Binance ہی چلتی ہے۔

کرپٹو کرنسیز کی قیمت تبدیل کیوں ہوتی رہتی ہے؟

Mass adoption

اگر اس کو زیادہ سے زیادہ مقبولیت ملتی ہے، اس کا استعمال بڑھتا ہے تو اس کی قیمت بھی اسی حساب سے بڑھتی ہے، بہت سے ممالک ہیں۔ جنہوں نے کوئی کرپٹو کرنسی بطور کرنسی لین دین کی اجازت دی ہوئی ہے۔ اور جہاں نہیں بھی دی ہوئی لیکن عوام کی ایک بڑی تعداد اس کو استعمال کرنا شروع ہو چکی ہے، ابھی مئی 2022 میں اس کی مارکیٹ 2 ٹریلین (یعنی 2000 بلین) کے لگ بھگ ہے جو 2030 تک 30 ٹریلین ڈالر تک جا سکتی ہے تو جیسے جیسے Mass Adoption ہو گی اس کی ڈیمانڈ اور قیمت بڑھے گی۔ اگر ملین، بلین اور ٹریلین کا نہیں معلوم یا بھول گیا ہے تو اس پر بھی نظر دوڑا لیتے ہیں،

In English	In Urdu	In Numbers	Digits
1 Million	دس لاکھ	1,000,000	7
1 Billion	1 ارب (یعنی 1000 ملین)	1,000,000,000	10
1 Trillion	ہزار ارب (یعنی 1000 بلین)	100,000,000,000	12

Production cost

ہزار کا یا 5 ہزار کا نوٹ چھاپنے میں بھی تو خرچہ ہوتا ہے، اسی طرح ڈیجیٹل کرنسی کو بنانے / مائن کرنے میں بھی resources لگتے ہیں، انرجی / الیکٹرک کا بھی خرچہ ہوتا ہے۔

تقریبا 400 ملین سے 6.2 بلین سالانہ لگ سکتے ہیں بٹ کوائن کو بنانے کے لیے، اسی طرح ہر کوائن کا اپنا خرچہ ہوتا ہے، یہ Direct cost ہے، تو یہ Cost بھی قیمت کے بڑھنے یا گھٹنے پر اثر انداز ہوتی ہے۔

Competition

جتنی ذیادہcredible cryptocurrencies آئیں گی اتناہی قیمت پر بھیimpactہو گا

ہر ایک کرنسی چاہے گی کہ اس کو خریدا جائے،اس سے ایکcertain levelپر ڈیمانڈ بڑھے گی،ڈیمانڈ بڑھے گی تو قیمت میں اضافہ ہو گا۔

Govt Regulation

ابھی بہت سی حکومتیں بشمول پاکستان کی حکومت اس کو تسلیم نہیں کر رہی لیکن کل کو اگر اجازت دے دیتی ہے تو اس سے بہت ذیادہ **Boom** آئے گا،اور اگر ریاست اس کی باقاعدہ تشہیر بھی کرے جیسے اپنے دیگر پروگرامز کی بھی کرتی ہے۔تو کروڑں لوگ اس کو استعمال کرنے لگیں گے۔جس سے اس کی ڈیمانڈ اور قیمت پر فرق پڑے گا۔اور آج نہیں تو کل اس کو تسلیم کرنا ہی پڑے گا،کیونکہ کرپٹو مستقبل ہے

۔

CD= Crypto Dictionary			
Trajectory	Liquidation		
Fearful state / Greed State	EMA		
Retracement	Moon		
Consolidation	Blood		
Foreseeable			
Cool-off period			
bearish reversal signal			
Volatile			
Tumble			


Major Terms	
Spot Prise	کم از کم قیمت جو کسی بھی چیز کی رکھی جائے اسے سپاٹ پرائز کہتے ہیں۔ پھر اس میں ایک اور ٹرم ہے جب سارے Traders ایک کم از کم قیمت پر متفق ہو جائیں تو اسے Strong Spot Level کہتے ہیں۔ ان کو Swing Low بھی کہتے ہیں
Resistance Price	زیادہ سے زیادہ قیمت۔م۔جب سیلرز Highest Point پر Sell Limit لگانا شروع کر دیں تو اسے Resistance Price کہیں گے، ان کو Swing High بھی کہتے ہیں
Side ways	جب مارکیٹ ایک مخصوص پیٹرن پر ہی چلے نہ اوپر جائے نہ نیچے ۔
Up Trend	جب مارکیٹ اوپر کی طرف جا رہی ہو
Trend Lines	یہ مارکیٹ کے Resistence Point اور Spot Point کے ڈھونڈنے میں مدد کرتی ہیں۔ اسی طرح یہ لائنز مارکیٹ ٹرینڈ کا Reversal یا Break out ڈھونڈنے میں بھی مدد کرتی ہیں۔ ضروری نہیں کہ آپ جو لائن Draw کریں وہ بالکل پرفیکٹ ہو اور سارے Swing high اور Swing Low کو بہت اچھے سے Touch کرے۔ اور یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ مارکیٹ انہی Trends کو فالو کر کے آگے چلے گی۔
Pair	کوئی بھی Coin ہمیشہ Pair میں ہو گا جیسے btc/usdt

Area of High Confluence	اس پوائنٹ پر آپ کو بہت سوچ سمجھ کو ٹریڈ لینی چاہئے۔ یہاں سے مارکیٹ اوپر بھی جاسکتی اور نیچے بھی۔
Circulating Supply	کوائنز کی وہ مقدار جو مارکیٹ میں گردش کر رہے ہیں اور عوام کے ہاتھ میں ہیں۔ یہ اسٹاک مارکیٹ میں Flow کرتے ہوئے حصص کی طرح ہے۔ جیسے BTC کے 93 فیصد کوائنز سرکولیشن میں ہیں جو کہ **19,025,743** بنتے ہیں۔۔
Market Capitalization	جب ایک share کی قیمت کو No of shares پر تقسیم کریں تو market Cap نکلتی ہے۔ یہ مارکیٹ کی ویلیو بتاتا ہے The total market value of a cryptocurrency's circulating supply. It is analogous to the free-float capitalization in the stock market. Market Cap = Current Price x Circulating Supply.
Patterns	.1Price Channels Crypto Chart Patterns…. .2Ascending Triangle & Descending Triangle Cryptocurrency Chart Patterns…. .3Head & Shoulders Crypto Chart Patterns. … .4Triple & Double Top & Bottom Cryptocurrency Chart Patterns…. .5Rising Wedge & Falling Wedge Crypto Graph Patterns.

	Cross Over
	Bleeding

Market Capitalization = Share Price X No. of Shares


(Market value of a company)




Technical analysis

Candle stick pattern	Chart pattern	indicators

20-05-202



سب سے پہلے ہم Candle Stick کو پڑھیں گے۔ Candle میں ایک High ہوتا ہے ایک Low، ایک Open ہوتا ہے اور ایک Close اور ایک اس کی Main Body۔ آئیں تصویر میں دیکھتے ہیں۔




اس میں Green والی one day Candle کو دیکھیں (ایک دن کی بھی کینڈل ہوتی ہے 7 دن کی بھی، ماہ کی بھی اور سال کی بھی اسی طرح گھنٹوں اور منٹوں کی بھی) اس میں جہاں سے کینڈل Open ہوئی ہے وہاں سے لے کر اوپر جہاں Close ہوئی ہے وہاں تک اس کی Main Body ہے، اور جہاں High لکھا ہے اس کا مطلب ہے کہ درمیان میں یہ اس مقام تک بھی گیا ہے لیکن پھر دوبارہ تھوڑا نیچے آ گیا مثلا مارکیٹ Open ہوئی 100 سے اور Close ہوئی 120 پر لیکن پورے دن میں ایک بار مارکیٹ 90 پر بھی گئی اور او یک بار 125 پر بھی تو 120 سے 125 والے حصے کو باریک لائن سے ظاہر کیا گیا ہے (اس کو Upper shaddow یا Wick کہتے ہیں) اسی طرح 100 سے 90 والے حصے کو بھی باریک لائن سے شو کیا گیا ہے جو کہ Wick یا Lower Shadow کہلاتی ہے۔ لیکن Reality میں Body ہی ہے۔ بعض کینڈل میں Wick اصل باڈی سے بھی لمبی ہوتی ہے اور بعض میں بہت چھوٹی یا سرے سے ہوتی ہیں نہیں، اور بعض میں اوپر اور نیچے دونوں طرف برابر ہوتی اور بعض میں صرف ایک سائیڈ پر بہت لمبی اور ایک سائیڈ پر بہت چھوٹی یا سرے سے ہوتی ہی نہیں۔

ہر کینڈل کا Pattern کچھ نہ کچھ Indicate کر رہا ہوتا ہے آپ کو زبان حال سے کچھ بتا رہا ہوتا ہے۔ ہمیں یہ پتہ ہونا چاہئے کہ یہ Patterns کام کیسے کرتے ہیں ، جو لوگ نقصان کرتے ہیں ان کو دراصل پتہ ہی نہیں ہوتا ہے کہ یہ کام کرتے کیسے ہیں۔ جب کہ ایک ایکسپرٹ سمجھ جاتا ہے کہ اب مارکیٹ خطرے میں ہے تو وہ ایسے وقت میں Trade لیتے ہی نہیں، یہ

آپ کو ایسے ہی مطلع کر رہے ہوتے ہیں جیسے ابر آلود آسمان آپ کو بتا رہا ہوتا ہے۔ کہ بارش ہو سکتی ہے۔ تو جو ان کو سمجھے گا وہ ان کو اپنی favor میں استعمال کرے گا اور جو نہیں سمجھے گا وہ بس تکے لگائے گا۔ جس سے اس کی Trade درست بھی ہوئی تب بھی اسے کانفیڈنس نہیں آئے گا۔ یا پھر وہ سرے سے نقصان کر بیٹھے گا۔






اگر اس طرح کی candle بن رہی ہو تو ہم یہ دیکھیں گے کہ Bottom سے بن رہی یا Top سے بن رہی؟ اگر Bottom سے بن رہی ہے تو یہ Hammer ہو گا اور اگر Top پر بن رہی تو Hanging Man ہے

Hammer اس بات کی علامت ہے کہ مارکیٹ اوپر کی طرف جائے گی، اور اگر Top پر بن رہی تو مطلب مارکیٹ نیچے کی طرف جانے کے امکانات ہیں، اس کا Color کچھ بھی ہو سکتا ہے وہ Metter نہیں کرتا۔ Shape کو دیکھنا ہے اور مقام دیکھنا ہے کہ کہاں سے بن رہی ہے۔ اور ہم اسے Hammer یا Hanging Man تب ہی بولیں گے جب اس کی Wick دو گنا یا تین گنا یا اس سے بھی زیادہ ہو گی، ورنہ نہیں۔ اب اگر Bottom پر Hammer بن رہا ہے تو آپ انٹری کب لیں گے؟



وہ تب لیں گے جب Hammer نیچے بنے اور اس سے اگلی کینڈل کی باڈی پچھلی کینڈل سے اوپر کلوز ہو تب ہمیں Indicate کرتا ہے کہ جہاں اس دوسری Green Candle کی باڈی کلوز ہو وہاں سے انٹری لے لیں ۔اور آپ کا SL یعنی Stop Loss نیچے والی کینڈل کا جو Low ہو گا وہاں لگایا جائے گا یعنی Hammer کی سب سے نیچے کی حد، اور یہ لازمی لگائیں کیونکہ 10 فیصد امکانات یہ بھی ہیں کہ Pattern کام نہ بھی کرے۔ آپ Risk & Reward Ratio کے حساب سے ٹریڈ لیں،،،،،،،،،




اگر Candle کچھ اس طرح بن رہی ہو تو اس کو Inverted Hammer کہیں گے، (Color Doesn't Matter)۔


یہ بھی Bottom میں بنے گی اور اس کے بعد مارکیٹ کے نیچے سے اوپر جانے کے امکانات بڑھ جائیں گے

اور اگر شکل یہی ہو لیکن مارکیٹ کے High پر جا کر یہ کینڈل بنے تو اسے Shooting Star کہیں گے اور اب مارکیٹ کے نیچے آنے کے امکانات بڑھ جائیں گے۔ لیکن وہی اصول کہ Confirm کرنے کے بعد ہی Trade لیں۔ فورانہ کود دیں۔ بلکہ شوٹنگ سٹار سے اگلی کینڈل کو دیکھیں۔ اگر وہ مزید نیچے کلوز ہوتی ہے تو کنفرمیشن ہو گئی کہ مارکیٹ کے نیچے جانے کے امکانات زیادہ ہیں۔

یہاں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ Uptrend کی طرف جاتے ہوئے ایک Shooting Star آیا، پھر اگلی کینڈل کی باڈی بھی پچھلی کینڈل سے نیچے جا کر کلوز ہوئی تو آپ اب Entry لے سکتے ہیں Short کی۔ کیونکہ Confirmation ہو گئی۔



جب Buyers بھی زور لگائیں مارکیٹ کا شئیر ریٹ بڑھانے کے لئے اور اتنا ہی زور Seller بھی لگائیں اپنا سٹاک بیچنے کے لئے تو مارکیٹ اوپر بھی جاتی اور نیچے بھی لیکن پھر آخر کار جہاں سے اوپن ہوتی وہیں پر Close ہو جاتی ہے۔ اسے Doji Candlestick بولتے ہیں۔




اسکی مزید دو اقسام ہیں

DragonFly Doji


Gravestone Doji




اب DragonFly Doji یہ ہوتا کہ فرض کیا مارکیٹ 100 پر تھی، Sellers نے مکمل زور لگایا مارکیٹ کو نیچے لانے میں اور 70 تک لے بھی آئے لیکن پھر اسی وقت Buyers نے دوبارہ زور لگایا اور دوبارہ اوپر کی طرف Rally آئی اور مارکیٹ 101 یا 105 پر کلوز ہوئی تو اس کو DragonFly Doji کہیں گے۔ یہ زیادہ تر Bottom میں بنے گا اور اس کے بعد مارکیٹ کے اوپر جانے کے امکانات بڑھ جائیں گے۔ مثلاً یہ تصویر دیکھیں



اور Gravestone Doji یہ ہو گا کہ Trend کے Top پر Price شروع ہوئی، Buyers نے مزید اوپر لے جانے کی پوری کوشش کی اور 70 سے 100 پر لے گئے لیکن پھر دوبارہ Sellers نے مارکیٹ کو نیچے کھینچ لیا اور مارکیٹ 65 پر Close ہوئی۔ کنٹرول سیلرز نے لے لیا، تو یہاں سے Price گر سکتی ہے، اور Market DownTrend جا سکتی ہے




Example of Gravestone Doji




BULLISH SPINNING TOP	BULLISH SPINNING TOP
جب یہ چارٹ کے Bottom پر ہو گا تو Bullish ہو گا اس میں باڈی کے اوپر اور نیچے ایک جتنی طویل Shaddow/Wick ہو گا اور باڈی سے 2 گنا بڑی ہو گی۔ اور اگر 3 گنا یا 4 گنا بڑی ہو جائے تو مزید کنفرم ہو جاتا ہے کہ مارکیٹ Bullish ہو گی۔	جب یہ چارٹ کے TOP پر ہو گا تو Bearish ہو گا۔ اس میں باڈی Doji کی نسبت تھوڑی بڑی ہو گی، تو اگر اس کو Identify کرنا سیکھ لیا تو آپ پیسہ بنا سکتے ہیں۔ اگر 2 گنا سے

کم Shadow ہو تب ہم اسے Spppining Top نہیں بول سکتے۔	



MaruBozu

اس کا مطلب ہوتا ہے طاقت۔ یہ نسبتا کافی بڑی Candlestick ہوتی ہے اور اس میں Wick بھی نہیں ہوتی اور اگر ہو بھی تو بہت ہی چھوٹی سی ہوتی ہے، اگر Wick کافی بڑی ہو تو Sorry to say وہ کچھ اور ہو گی لیکن MaruBozu ہرگز نہیں۔ بھلے اس کی Body بھی بڑی ہو۔



اب Marubozu Full یہ ہوتا ہے کہ جہاں سے اوپن ہوا اس سے نیچے نہیں گیا اور جہاں تک اوپر گیا اس سے نیچے بھی نہیں آیا بلکہ وہیں پر ہی کلوز بھی ہوا اسی طرح Bearish Trend میں جہاں سے نیچے جانا شروع ہوا اس سے اوپر نہ جا سکا۔(Left Candle Explaination)

اسی طرح Marubozu Open میں جہاں سے Open ہوا اس سے اوپر تو تھوڑا سا گیا لیکن واپس نیچے نہ آیا۔


اور Bearish Trend میں چونکہ Candle اوپر کی طرف سے Open ہوتی ہے تو جہاں سے Open ہوا اس سے نیچے تو تھوڑا سا گیا لیکن اوپر نہیں گیا۔

اور Marubozu Close کو بھی اسی پر قیاس کر لیں کہ Bullish Trend میں جہاں سے Open ہوا اس سے تھوڑا سا نیچے تو گیا لیکن جہاں کلوز ہوا اس سے اوپر نہ گیا

اور Bearish Trend میں جہاں سے اوپن ہوا اس سے تھوڑا مزید اوپر تو گیا لیکن جہاں کلوز ہوا اس سے مزید نیچے نہ گیا۔ کیونکہ Sellers بہت Strong اور Dominant تھے، Buyers نے تھوڑا بہت زور لگایا لیکن کچھ خاص اثر نہ ڈال پائے۔ اس لئے اوپر کی جانب بہت ہی چھوٹی سی Wick کے سوا مارکیٹ نیچے ہی کی طرف جاتی نظر آ رہی ہے۔ (Right Candle Explaination)




Example of Bullish MaruBozu (Open)



یہ Bearish MaruBozu کی مثال ہے کے مارکیٹ Downtrend میں تھی۔ تھوووڑاسااوپر گئی اور پھر آیا MaruBozu اور مارکیٹ دوبارہ نیچے جانے لگی

یہ سب تھے Single Candlestick Pattern آگے ہم Double or Tripple Candlestick Patterns پڑھیں گے۔

Bullish & Bearish Kicker




اس میں یہ ہوتا کہ پہلی کینڈل اگر Red ہے تو دوسری جمپ مار کر ایک دم اوپر سے شروع ہوتی ہے۔ یا اگر Green ہے تو اگلی اس کے نیچے سے Open ہو کر مزید نیچے جائیگی جیسا کہ اوپر امیج میں دیکھا جاسکتا۔



یہ Bearish Kicker کی مثال ہے جہاں Top سے ایک دم Kicker Candle نے جنم لیا۔ یعنی Gap down opening ہوئی لیکن ہم ابھی شارٹ کی Entry نہیں لیں گے اور Confirmation کا انتظار کریں گے، دوسری کینڈل بھی تقریباً وہیں کلوز ہوئی جہاں Kicker candle ہوئی تھی لہذا ابھی بھی کنفرم نہ ہوا، اب تیسری کینڈل واقعی نیچے کلوز ہوئی تب ہمیں کنفرمیشن مل گئی کہ مارکیٹ نیچے ہی جائیگی تو ہم اپنی Short لگائیں گے اور پرافٹ Book کریں گے۔ یہی معاملہ Bullish Kicker کا ہو گا۔

Bullish & Bearish Engulfing

اس کا لفظی مطلب ہوتا ہے نگل جانا، لپیٹ میں لے لینا



جیسے اس تصویر میں Green Candle نے Red کو cover کر لیا ہے۔ اور یہ پچھلی Candle سے بڑی ہے۔ اوپر نیچے ہو سکتی ہے ضروری نہیں اس تصویر کے عین مطابق ہو لیکن بہر حال red candle کو Green کے اندر ہونا چاہئے اور والیوم بڑھتا ہوا ہونا چاہئے۔

یہ Pattern چارٹ کے Bottom پر بنے گا تو مارکیٹ reverse ہو کر اوپر جا سکتی ہے۔ یہ Bullish Engulfing کی تفصیل ہو گئی۔




اگر Green Candle کے بعد Red کچھ اس طرح بنے تو یہ Bearish Engulfing ہو گا اور یہ چارٹ کے Top پر بنے تو مارکیٹ کے نیچے جانے کے امکانات زیادہ ہونگے۔ نیچے مزید ایک مثال سے سمجھتے ہیں۔۔۔




اس تصویر میں Bullish اور Bearish دونوں طرح کی Engulfing بن رہی ہے۔ پہلے Bullish بنی اور ہم مارکیٹ کو اوپر جاتا دیکھ سکتے ہیں اور پھر بالکل Top پر Bearish engulfing بنی اور مارکیٹ بالکل نیچے چلی گئی۔

Bullish Harami & Bearish Harami



جاپانی زبان میں Harami کا مطلب حاملہ عورت ہے۔اس میں پہلی Candle کو Mother اور دوسری کو Baby کہتے ہیں۔یہ Engulfing سے الٹ دکھائی دیتا ہے یعنی Bullish Engulfing جتنا Strong اشارہ تو اگرچہ نہیں دیتا لیکن یہ بھی جب چارٹ کے Bottom پر بنے گا تو مارکیٹ کے اوپر جانے کے امکانات زیادہ ہوں گے کیونکہ ہمیں Red کے فورا بعد Green Candle میں ایک دم Gap up opening دکھائی دیتی ہے۔یعنی ایک دم Buyers Strong ہونا شروع ہو گئے ہیں تو یہ Trend reversal کا سائن ہو سکتا ہے۔ Bearish Harami اس کے برعکس ہو گا یعنی اس میں پہلی کینڈل Green ہو گی اور دوسری Red، اور نتائج بھی Bullish کے برعکس ہوں گے۔




Example of Bullish Harami

یہاں ہم واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں کہ Bottom پر Red candle کے فورا بعد Bullish Harami Candle بنی یعنی Gap up opening ہوئی یعنی جہاں پر Red candle کلوز ہوئی اگلی کینڈل اس سے نسبتا اوپر سے اوپن ہوئی جو اس بات کا

اشارہ ہے کہ Buyers نے سیٹ بیلٹ باندھ لی ہے اور Sellers کو Absolutly Not کہہ دیا ہے اب مارکیٹ اوپر جائے ہی جائے۔۔


Piercing Line



جو Trend چل رہا تھا بظاہر اگلی کینڈل بھی اسی کے مطابق نیچے سے ہی شروع ہوئی لیکن پھر Sellers اس کو اوپر لے گئے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کتنا اوپر لے گئے تو ہم پہلی کینڈل کے عین وسط (Mid) میں ایک لائن بنائیں گے (جیسا کہ اوپر تصویر میں نظر بھی آرہی ہے،) اب اگر اگلی کینڈل اس پچھلی Half سے اوپر جا کر کلوز ہو تو مارکیٹ کے Uptrend میں جانے کے امکانات ہیں۔ صورتحال اس کے برعکس ہو تو مارکیٹ نیچے جائے گی اور اسے Dark Cloud Cover کہتے ہیں۔





Example of Piercing Line




Example of Dark Cloud Cover

Twezzer top and Bottom






اس کا مطلب ہوتا ہے چمٹا۔۔۔یہ 12 طریقوں سے بنتا ہے تو Concept کو سمجھنا ہو گا تو Concept یہ ہے کہ Bottom میں دونوں کا Low ایک جیسا ہونا چاہیئے ،اور Twezzer Top میں دونوں کا High Same ہونا چاہیئے۔ اگرچہ تصویر میں دونوں کا High اور low دونوں ہی ایک جیسا ہے لیکن یہ ضروری نہیں۔ہاں اگر ایسا ہو بھی جائے تو Best ہے۔اور سائز چھوٹا بڑا ہو سکتا ہے بس Only Requirement اتنی سی ہے کہ Twezzer Bottom کا Low ایک جیسا ہو اور Top کا High ایک جیسا ہو، بے شک Wick دوسری طرف سے کم زیادہ بھی ہو اس کی بھی خیر ہے۔




اب اس میں دونوں کا Low ایک جیسا تھا تو یہ Tweezer Bottom کی تعریف پر پورا اترتا ہے۔ اور اس کے بعد مارکیٹ اوپر جائے گی۔

اور نیچے والی تصویر Tweezer Top کی مثال ہے۔۔ جس میں دونوں Candles کا High ایک جیسا ہے۔




3 Candle stick Patterns




Morning Star & Evening Star

سب سے پہلے تو Morning Star میں ایک Bearish Candle بنے گی، اس کے بعد Morning Star بنے گا اور تیسری کینڈل تھوڑی بڑی Green بنے گی، سٹار کے رنگ سے فرق نہیں پڑتا،



مارکیٹ Red کے اوپر والی طرف سے اوپن ہوئی اور نیچے کلوز ہوئی یعنی اس کینڈل میں Sellers حاوی تھے۔ اس کے بعد Morning star میں Gap Down اوپننگ ہوئی مطلب یہاں تک بھی Sellers حاوی تھے لیکن تیسرے میں ایک دم مارکیٹ اوپر کی طرف Gap up انداز سے اوپن ہوئی اور یہاں سے Trend Reverse ہو سکتا ہے۔

فرض کریں یہ 3 کینڈلز 5 منٹ کے فریم میں دیکھ رہے ہیں، اگر ان کو ہم 15 منٹ کے Time Frame میں دیکھیں گے تو یہ Hammer کی شکل بنے گی اور وہ بھی یہی indicate کر رہا ہے کہ مارکیٹ اوپر جا سکتی۔ بشرطیکہ یہ Bottom پر بنے، تو جب بھی ہم 3 کینڈلز کو Combine کرتے ہیں تو ہمیں وہ Single candlestick Pattern کا بتاتا ہے جو ہم نے شروع میں دیکھا تھا۔




5+5+5=15mnt

اور اگر Open & Close point ایک ہی جگہ ہوتا تو ہمیں Hammer کی بجائے DragonFly Doji ملتا




Morning star Example



Evening star Example

Bullish Abandoned Baby & Bearish Abandoned Baby

یہ بظاہر Star یا Doji جیسا ہی لگتا ہے لیکن اس میں فرق یہ ہے کہ اس کا High پچھلی کینڈل کے Low سے Touch ہی نہیں ہوا ہے۔ اور اس میں Gap زیادہ ہے تو اس لئے اسے Abandoned کہتے اور سائز چھوٹا سا ہے تو اس لئے اسے Baby بولتے۔ یہ Bullish trend کو ہی Indicate کرتا ہے



اور ان 3 کو بھی combine کریں تو Hammer ہی بنتا ہے۔ بہر حال فرق اتنا سا ہی ہے کہ قریب ہو تو Morning star اور درمیانی کینڈل دور ہو تو Abandoned Baby بنے گا۔




Example of bullish abandoned Baby



Three White Soldiers




چارٹ کے Bottom پر بنے گا تو مارکیٹ اوپر جائے گی۔




چارٹ کے Top پر بنے گا تو مارکیٹ نیچے جائے گی۔

Bullish 3 Line Strike




یہ اگر Chart کے Bottom پر بنے تب ہی Bullish ہو گا ورنہ نہیں۔

بظاہر آپ کو لگے گا کہ یہ Bearish Engulfing ہے اور آپ کو لگے گا کہ یہاں سے مارکیٹ نیچے جائے گی لیکن نہیں، یہ ایک جال ہے، دراصل یہ Bullish Pattern ہی ہے، اگر یہ چارٹ کے Bottom پر ہے، ہاں اگر Top پر بنے تب یہ Bullish نہیں رہے گا۔ بلکہ الٹا کام کرے گا جیسے اس سکرین شاٹ میں ہم دیکھ سکتے ہیں۔ کہ یہ Top پر بنا تو واقعی مارکیٹ نیچے آئی۔




Three Outside Up



تیسری کینڈل میں پہلی کی نسبت زیادہ والیوم ہونا چاہئے اور اسی تیسری سے Confirmation

ملے گی اور آپ انٹری لے سکتے۔ اور اسی کے برعکس ہو گا 3 outside Down






3 outside Up

Three inside Up

پہلی 2 کو دیکھیں تو Bullish Harami جیسے دکھائی دیتے ہیں اس میں 3 کینڈلز آپ کو Bullish سائن دے رہی ہیں۔




یہاں تک candlestick مکمل ہوا اب ہم Chart Patterns کو سمجھیں گے۔اس کی 2 اقسام ہیں جن کی پھر Further types ہیں۔

Reversal	Reversal patterns are those chart formations that signal that the ongoing trend is about to change course. If a reversal chart pattern forms during an uptrend, it hints that the trend will reverse and that the price will head down soon.
Continuation	Continuation chart patterns are those chart formations that signal that the ongoing trend will resume. Usually, these are also known

	as consolidation patterns because they show how buyers or sellers take a quick break before moving further in the same direction as the prior trend.

سب سے پہلے ہم Reversal Chart patterns کو سیکھیں گے۔اس میں بھی 3 اقسام ہوں گی،



Reversal
Continuation
Neutral

ان کے ساتھ ہم 3 عدد Indicators کا بھی استعمال کریں گے۔

اور وہ ہیں RSI اور MACD اور Volume۔۔۔ان سب کے combination کو سمجھتے ہوئے جب ہمیں Confirmation ملتی ہے تو ہم اچھا پیسہ بنا سکتے ہیں۔تو سب سے پہلے ہم Reversal Chart Patterns کو دیکھتے ہیں۔

Double Top (Bearish – Reversal)

Day Trading (9 May 2022)

سب سے پہلے کوئی **5** کوائن سلیکٹ کریں، اس سے زیادہ نہ کریں تاکہ کنفیوزن سے بچیں۔

IntraDay trading میں ایسے کوائن لینا چاہئے جس میں **Fluctuation** ہو، تاکہ آپ اچھا منافع کما سکیں۔ اگر مارکیٹ Side ways میں چل رہی ہو تب Trade لینے کا کچھ خاص فائدہ نہیں۔

24 گھنٹے کے Low اور High میں کافی فرق ہونا چاہئے۔


اور سب سے اہم یہ کہ Volume زیادہ ہونا چاہئے۔۔ ایک عمومی ضابطہ ہے کہ

اگر آپ Bullish Trade کر رہے ہیں تو 18 دن کمانے کے ہوتے اور 12 دن انتظار کرنے کے۔

اگر آپ Bearish Trade کر رہے ہیں تو 12 دن کمانے کے ہوتے اور 18 دن انتظار کرنے کے۔

5 منٹ کا **Time Frame** رکھیں۔ **Indicators** میں سے **SSL** اور **EMA** منتخب کر لیں

پھر **EMA** کی سیٹنگز میں جا کر اس کی **Length** کو **20** کر لیں جو ابھی **9** ہو گی۔ اس کو حسب ضرورت اور سٹریٹجی کے مطابق تبدیل کرتے رہتے ہیں، کبھی **9** تو کبھی **14**، اسی طرح **18** یا **20**، فی الحال ہم اسے **SSL** کے ساتھ استعمال کر رہے ہیں تو **5** منٹ کے ٹائم فریم کے ساتھ **20** رکھیں گے۔



جب ہم یہ دونوں **Indicators** اپلائی کر دیں گے تو ان کی لائنز ہمیں نظر آئیں گی، ان میں سبز لائن ہمیں خریدنے کا اشارہ دیتی ہے بشرطیکہ یہ سبز لائن سب سے اوپر ہو۔ **Red & Yellow Lines** آپ کو **Spot level** کا بتاتی ہیں۔

اگر **Green Line** سے نیچے **Candle** بن بھی جاتی ہے لیکن اگر یہ لائن باقی دونوں لائنوں سے اوپر ہے تب بھی آپ نے مارکیٹ میں جمے رہنا ہے اسے **Fake Break Out** کہتے ہیں۔ ہوتا یہ ہے کہ عارضی طور پر مارکیٹ نیچے جاتی ہے اور ہم **Exit** کر جاتے ہیں جبکہ مارکیٹ دوبارہ اوپر چلی جاتی ہے۔ تو اس میں ایسا نہیں ہوتا جب تک **green line** سے اوپر ہیں **candles** تب تک آپ نے ٹِکے رہنا ہے،




لیکن جب **Candles** نیچے آ گئیں اور ایک **Independent Candle** بن گئی (یہ وہ **Candle** ہوتی جو ایک دم بہت زیادہ تیزی سے نیچے آتی ہے) تب آپ نے واقعی ہی **Exit** کر جانا ہے۔


جب تک سبز لائن کے اوپر ایک مکمل کینڈل نہ بن جائے تب تک آپ نے **Entry** نہیں کرنی ہے، یعنی ایسا نہیں کرنا کہ ابھی بس **green** لائن کو **touch** ہی کیا اور انٹری لے لی۔



مثال کے طور پر اس امیج کو دیکھیں تو دوسرے Uptrend کی طرف جاتے ہوئے Green Band اوپر ہے لیکن پھر ایک دم red اوپر آ جاتا ہے تو ہمیں پہلا Indication مل گیا کہ بھیا مارکیٹ سے نکل لو لیکن ہم اس امید پر ٹِکے ہوئے ہیں کہ شاید Green دوبارہ اوپر آ جائے اور دوسری اہم بات کہ ابھی تک candles نے Yellow کو Break Down نہیں کیا ہے۔ لیکن جیسے ہی Yellow line / band بھی candles کے اوپر آ گیا تو ہم نکل گئے۔

جب تک Red اور yellow lines اوپر ہیں خاص طور پر Candles سے بھی اوپر ہیں تب تک مارکیٹ bearish ہے لہذا یا تو trade ناں لیں یا اگر Future کر رہے تو Short اوپن کریں نہ کہ Long اور گرتی ہوئی دیوار کو ایک دھکا اور دیتے ہوئے پیسے کمائیں۔ جب تک Candle پیلی لائن سے اوپر نہیں آئے گی اور Red نیچے نہیں آئے گا تب تک مارکیٹ نیچے ہی رہے گی یعنی۔ پیلی لائن کو نیچے ہونا چاہئے۔





اگر Downtrend کے بعد دوبارہ Up Trend کی طرف جائے تو اسے Bullish Reversal کہیں گے۔ اسی طرح Up Trend کے بعد DownTrend آجائے تو ہم کہیں گے کہ Bearish Reversal ہوا ہے یعنی آسان الفاظ میں Bearish کی واپسی۔

Head and Shoulder

Rising Wedge

Falling Wedge

Double Bottom / Double Top

Rounding Bottom

Famous chart patterns



Triangle
Symmetrical Triangle
Ascending Triangle
Descending Triangle
Flag
Rectangles
Price Channel
Cup and Handle

Continuation chart pattern

Volume, MACD, RSI

Head and Shoulder


Rising Wedge

Falling Wedge

Double Bottom / Double Top

Rounding Bottom





Reversal Chart Patterns

MACD

RSI

Bollinger Bands

ADX

Super Trend

Moving Average

Stochastic Oscillator

Famouse + necessary Indicators

Lagging indicators for Long Traders

Indicators

RSI- Relative strength index	اگر RSIزیرو0 سے30 تک ہے تو مطلب مارکیٹ Over sold ہے۔ اور70 سے100 تک ہو تو Overbought کہلاتی ہے،70 کر اس کی صورت میں شارٹ کا سگنل بنے گا کیونکہ مارکیٹ نے صرف Wick لگائی ہے یہاں سے Correction لینے کے لئے دوبارہ نیچے جا سکتی ہے۔ مزید اوپر جانے کے امکانات 5 فیصد ہوتے ہیں کیونکہ مارکیٹ 100 فیصد Up یک دم نہیں جاتی۔ اس Indicator سے آپ کے پرافٹ کے امکانات 90 فیصد بڑھ جاتے ہیں اور آپ کی رقم ڈوبنے سے بچ جاتی ہے۔اس Indicator کا چارٹ نیچے دیکھیں۔ .ان دونوں کے درمیان ہوتا ہے50 یعنی مارکیٹ 50 والی بوٹم لائن کو ٹچ کر کے کبھی اوپر کو لے لیتی ہے اور کبھی نیچے،اس کو Base line بول سکتے ہیں،مارکیٹ 50 میں ہو تو شارٹ ٹرم میں Trade لینے کا کچھ خاص فائدہ نہیں،۔۔کیونکہ کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ مارکیٹ اوپر جائے گی یا نیچے آئے گی۔ہاں لانگ میں لیا جا سکتا۔ یہ RSI ویسے تو دونوں کا بتاتا ہے کہ کب انٹری کرنی ہے اور کب نکلنا ہے،البتہ زیادہ تر Short کے لئے ہوتا ہے۔بڑے بڑے Whales اس کو استعمال کرتے ہیں۔،35 سے نیچے جانے لگے تو سمجھ جائیں کہ Oversold condition شروع ہو گئی ہے،اب دوبارا اوپر جائیگا ہی جائے گا بشرطیکہ Coin اچھا ہو ،مختلف فیکٹرز کو دیکھنا پڑتا ہے،RSI میں بہت زیادہ تفصیل ہے،کہ 7 دن کی سیٹنگ رکھنی ہے یا 14 دن کی یا کوئی اور۔۔(Paid Tradeview Tool(Basic میں آپ میں 8 ٹولز لگا سکتے ہو اور pro میں Indicator 13 لگا سکتے ہیں
stochastic oscillator	
MACD	MACD, short for moving average convergence/divergence, is a trading indicator used in technical analysis of stock prices, created by Gerald Appel in the late 1970s. It is designed to reveal changes in the strength, direction, momentum, and duration of a trend in a stock's price سست کوائن میں یہ اتنے خاص سود مند نہیں ہوتے، یہ ٹرینڈ کو پکڑتے ہیں۔ اگر چھوٹے چھوٹے Histogramm بننے لگیں تو مطلب مارکیٹ سے نکل جائیں.

SMA - EMA	Moving average کو دیکھتے ہوئے ہی Tool کام کرتا ہے MACD کی لائنز اگر سگنل لائن کو کراس کر دے گی، یہ تھوڑا Slow ہے اور بعد میں بتاتا ہے کہ مارکیٹ Bullish ہے یا Bearish
KDJ	اس کی Accuracy عموماً 70-80 فیصد ہوتی ہے۔ یہ RSI اور MACD دونوں کا کام دیتا ہے، اور اس کی ایک Black لائن تھوڑا ایڈوانس Indicator دیتی ہی کہ کوائن Oversold یا over bought Zone میں آرہا ہے یہ کہتا ہے کہ اگر مارکیٹ 100+ پر چلی گئی ہے تو مارکیٹ سے نکل جاؤ، آپ RSI + MACD + KDJ) کا کمبی نیشن بنائیں گے۔ اور اس سے ایک اچھا سا سگنل بنائیں گے،
Bollinger Band	
Whipsaw	To avoid whipsaw in trading, research the market you want to trade, carry out analysis, and create a trading plan. You should also set stop-losses when opening positions. These will cap your losses if you are caught out by whipsaw.


بہر حال TA کوئی سائنٹفک تھیوری نہیں ہے جو ہمیشہ ایک جیسے رزلٹ دے، تو اس پر 100 فیصد انحصار نہیں کیا جا سکتا۔ ہاں ریفرنس کے طور پر استعمال کرتے ہیں کہ آپ کو Overall idea ہو جاتا ہے کہ مارکیٹ اوپر کی طرف جا رہی یا نیچے کی طرف۔



RSI chart




KDJ



Tools	
جب مارکیٹ ٹرینڈ دیکھنا ہو تب یہ ٹول استعمال کرنا ہے کہ آیا مارکیٹ Up trend میں ہے یا Down trend میں، اگر مارکیٹ Sideways میں ہے تو یہ Tool کام نہیں کرے گا۔۔یہ Leading Indicator کی کیٹگری میں آتا ہے۔۔یہ ہر سٹاک میں کام نہیں کرتا ہے۔ اور آپ نے Entry صرف تب لینی ہے جب مارکیٹ Upper paralel یا Lower Paralel پر ہو، درمیان میں نہیں لینی	PitchFork
	Fibonacci

Swing High and Swing Low example


exhilaration
SH
unease
exhilaration
SH
enthusiasm
denial
enthusiasm
optimism
pessimism
optimism
panic
relief
capitulation
hope

Conditions


Examples of Standard Swing High (SH)
Swing High
Swing High
Swing High
Swing High


Examples of Standard Swing Low (SL)
Swing Low
Swing Low
Swing Low
Swing Low

Future Trading	
Isolated	Cross
یعنی اگر آپ نے 20 ڈالر لگائے ہیں اور 80 والٹ میں پڑے ہیں تو مائنس ہونے پر صرف 20 ڈالر ہی کٹیں گے اور ٹریڈ کلوز ہو جائے گی ۔	یعنی اگر آپ نے 20 ڈالر لگائے ہیں اور 80 والٹ میں پڑے ہیں تو جب تک 100 ڈالر مائنس نہیں ہونگے تب تک آپ کی ٹریڈ کلوز نہیں ہو گی

اگر Day Trading کرنی ہے تو 15 منٹ کا گراف دیکھیں۔

آپ کا انٹری پوائنٹ PreDefined ہونا چاہئے۔ SL پر کوئی compromise نہیں۔ اگر آپ کا SL Hit ہو جائے تو اُنے مارکیٹ سے نکلنا ہے اور اس دن ٹریڈنگ نہیں کرنی، کیونکہ آپ FOMO کا شکار ہو سکتے ہیں۔ آپ Revange Trading کرینگے جو مزید نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔ اگر آپ Begginer ہیں تو اگر آپ کو پرافٹ نظر بھی آرہا ہے پھر بھی آپ نے TP لے کر مارکیٹ سے نکلنا ہے۔

جب ایک لائن کو کراس کرتا ہے گراف تو اسے Breakout کہتے ہیں۔

اور جب ایک مخصوص سائیکل میں اوپر نیچے ہونے لگے تو اسے Consolodation کہتے ہیں

Consolidation in technical analysis refers to an asset oscillating between a well-defined pattern of trading levels



ہم Day trading میں خود کو صرف 1 فیصد پرافٹ تک محدود رکھتے ہیں۔ زیادہ لالچ نہیں کرتے۔

Automatic rally۔ جب SL بھی لگ جائے اور لوگ بھی پیسے نکالنا شروع کر دیں تو مارکیٹ مزید نیچے کی طرف آتی ہے۔

اگر مارکیٹ میں پیسے آئیں تو Bullish اور پیسے نکال لیں تو Barish کہتے ہیں۔

اگر آپ نے مخصوص وقت کے لئے رسکی یا Swing Trading کرنی ہے تو 15 منٹ کی Candles کے چارٹ کو زیادہ اہمیت دیں۔
اور اگر Day trading کرنی ہے تو 4 گھنٹے اور 1 دن والا چارٹ دیکھیں اور اگر لانگ ٹرم کرنی ہے تو ایک دن یا ایک ہفتے والا چارٹ دیکھیں۔
15 منٹ والے چارٹ میں ممکن ہے کہ آپ کو Sideways نظر آئیں لیکن ایک دن یا ہفتے کا چارٹ دیکھ کر آپ کو زیادہ واضح ہو گا کہ مارکیٹ Uptrend میں جارہی ہے یا DownTrend میں۔

اگر مارکیٹ اوپر جارہی ہو اسے UpTrend بولتے ہیں۔

اور اگر کبھی اوپر اور کبھی نیچے تو اسے Sideways بولتے ہیں۔ اور اس وقت میں زیادہ تر لوگ Swing Trading کرتے ہیں۔




Swing High
or Lowr High
Swing High
or Lowr High
Breakou
Swing Low
or Lower Low
1:45 / 10:16